# معاونت تک رسائی

## دور حاضر کی غلامی کا شکار ہونے پر
## (بالغ)

WEST YORKSHIRE POLICE

مغربی
یارکشائر
انسدادِ غلامی
نیٹ ورک


# نیشنل ریفرل میکنزم (NRM)

نیشنل ریفرل میکنزم (NRM) دور حاضر کی غلامی سے ممکنہ طور پر چھٹکارا پانے والوں کی نشاندہی اور انہیں ریفر کرنے کے ساتھ ساتھ موزوں معاونت حاصل ہونے کو یقینی بنانے کا سسٹم ہے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ برطانوی حکومت کی جانب سے آپ کی شناخت بطور دور حاضر کی غلامی کے شکار فرد کے کی جائے تو آپ اولین ریسپانڈر سے NRM حوالہ جمع کرانے کے لیے آپ کے دعوے پر غور کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ ہوم آفس میں تربیت یافتہ فیصلہ ساز افراد آپ کے دعوے پر غور کرنے کے بعد اس بات کی تصدیق کریں گے کہ آیا آپ واقعی دور حاضر کی غلامی کے شکار ہیں یا نہیں۔ فیصلہ ساز افراد پہلے اس بات کا فیصلہ کریں گے کہ آیا ایسی **'معقول بنیادیں'** موجود ہیں جن کی بناء پر یہ سمجھا جا سکے کہ آپ دور حاضر کی غلامی کے شکار ہیں۔ وہ یہ **پہلا فیصلہ 5 دن کے اندر اندر** کرنے کا عزم کرتے ہیں، اور اگر آپ مفلس ہیں تو اس دوران آپ ہنگامی قیام گاہ کا استحقاق رکھتے ہیں۔ اگر آپ کو معقول بنیادوں پر مثبت فیصلہ موصول ہو تو آپ برطانوی حکومت سے معاونت کی مخصوص سطح کے حق دار قرار پائیں گے۔ **جب تک آپ کے دعوے پر کوئی فیصلہ نہیں آ جاتا، آپ کو برطانیہ سے جلا وطن نہیں کیا جا سکتا۔** آپ **غور و فکر کے لیے کم از کم 45 دن کی میعاد** کے اہل ہوں گے - بعض لوگوں کے لیے یہ میعاد مزید طویل ہو سکتی ہے۔ اس میعاد کے دوران برطانوی حکومت آپ کے بارے میں مزید معلومات جمع کرے گی اور **حتمی فیصلہ ('حتمی بنیادوں پر مبنی' فیصلہ)** دے گی کہ آیا ان کے خیال میں آپ واقعی دور حاضر کی غلامی کے شکار ہیں یا نہیں۔

اگر آپ کو **مثبت حتمی بنیادوں پر مبنی فیصلہ** موصول ہو جو اس بات کی تصدیق کر دے کہ برطانوی حکومت کے یقین کے مطابق آپ دور حاضر کی غلامی کے شکار ہوئے ہیں تو پھر آپ بحالی کی مزید معاونت کے حق دار ہوں گے۔

اگر آپ ابھی تک یہ فیصلہ کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں، تو آپ مستقبل میں ایک ریفرل طلب کرسکتے ہیں۔ اگر آپ بدسلوکی کے خطرے سے دوچار ہیں یا نگہداشت اور معاونت کی ضروریات کے طالب ہیں تو آپ کیئر ایکٹ (2014) کے تحت اپنی مقامی اتھارٹی سے معاونت کے حصول کے حق دار ہو سکتے ہیں۔




دور حاضر کی غلامی کو برطانیہ میں ایک سنگین جرم سمجھا جاتا ہے۔ اس کی بہت سی صورتیں ہو سکتی ہیں، تاہم اس میں جنسی استحصال، جبری مشقت، جرائم پیشہ استحصال، گھریلو محکومی، اعضاء کی قطع و برید اور غیر قانونی انسانی تجارت بھی شامل ہو سکتی ہیں۔

غیر قانونی انسانی تجارت سے مراد کسی شخص کو دھوکے یا زبردستی سے استحصال کی خاطر بھرتی، منتقل یا حاصل کرنا ہے۔ ممکن ہے آپ سے یہ کہا گیا ہو کہ آپ برطانیہ میں قانونی طور پر کام کرنے کے لیے آ رہے ہیں لیکن یہاں پہنچنے پر آپ سے جبری کام لیا جائے یا انکار کرنے پر دھمکیاں دی جائیں۔





# اگر آپ NRM میں ریفر ہونا چاہتے ہوں...

آپ کا اولین ریسپانڈر  آپ کے ساتھ NRM ریفرل مکمل کرے گا۔ اولین ریسپانڈر مخصوص اداروں میں ایک پروفیشنل ہوتا ہے جو NRM میں ریفرلز دینے میں تربیت یافتہ ہوتا ہے، جیسے کہ:




مقامی اتھارٹیز




اسپیشلسٹ فلاحی ادارے




حفاظتی آرمی




پولیس

اگر آپ بالغ (18 سال سے زائد) ہیں تو آپ کو NRM میں ریفر کیے جانے کے لیے رضامندی دینا ہوگی۔ NRM ریفرل پر رضامندی دینے سے، آپ اس بات کی بھی رضامندی دیتے ہیں کہ آپ کی معلومات کا اشتراک متعلقہ اداروں جیسے کہ ہوم آفس کے شعبوں اور پولیس کے ساتھ کیا جائے گا۔ آپ کے لیے پولیس کو مطلع کرنا ضروری نہیں ہے لیکن پولیس آپ سے رابطہ کر کے دریافت کر سکتی ہے کہ آیا آپ کو اس عمل میں مدد تو درکار نہیں۔ آپ سے ذاتی معلومات، پیش آنے والے واقعے کی تفصیل اور برطانیہ کے اندر اور/یا برطانیہ آنے جانے کی سفری تفصیلات پوچھی جائیں گی۔

اولین ریسپانڈر آپ کے دعوے کی حمایت میں معلومات لکھنے کے لیے غیر قانونی انسانی تجارت اور دور حاضر کی غلامی کی علامات پہچاننے کے ماہر ہوتے ہیں۔ اولین ریسپانڈر کو تفصیلات درج کرنے کے بعد آپ کو پڑھ کر سنانا چاہیے تاکہ درست اندراج کا یقین ہو جائے اور آپ کو اپنے ریکارڈز کے لیے اس فارم کی ایک نقل طلب کرنی چاہیے۔ اس عمل کے دوران آپ کو عارضی قیام گاہ میں منتقل کیا جا سکتا ہے، اور معقول بنیادوں پر فیصلہ موصول ہونے پر آپ کو یہ قیام چھوڑنے کے لیے مطلع کر دیا جائے گا۔

اگر اس مرحلے پر آپ کو منفی RG موصول ہو تو **- غیر NRM پر سیکشن دیکھیں،** اگر آپ کے پاس اپنے دعوے کی حمایت میں کوئی اضافی ثبوت ہو تو آپ اس فیصلے کے خلاف اپیل کے لیے اپنے اولین ریسپانڈر کو کہہ سکتے ہیں۔

# NRM میں نگہداشت اور معاونت کے لیے آپشنز: وسیع معاونت یا رہائش اور معاونت





اگر آپ کو NRM میں **مثبت معقول بنیادوں** پر فیصلہ دیا جائے، تو اسپیشلسٹ ایجنسیاں آپ کو معاونت فراہم کر سکتی ہیں۔ ظلم و جبر کے شکار فرد کی نگہداشت کا کنٹریکٹر (VCC) آپ کو ایسے معاون ادارے سے رجوع کروا سکتا ہے جو درج ذیل کے حصول میں آپ کو مدد فراہم کرے گا:



اگر آپ مفلس ہیں اور رہائش کا استحقاق نہیں رکھتے یا اپنی موجودہ رہائش گاہ میں رہنا آپ کے لیے محفوظ نہیں ہے تو پھر آپ عارضی محفوظ قیام گاہ میں آ سکتے ہیں۔

اگر آپ پہلے سے ہی محفوظ مقام پر رہائش پذیر ہوں، رہائش گاہ کا استحقاق رکھتے ہوں یا کسی محفوظ قیام گاہ میں آپ کو ٹھہرایا نہ جا رہا ہو تو اسپیشلسٹ معاون ایجنسیاں آپ کو وسیع بنیادوں پر معاونت فراہم کر سکتی ہیں۔ مقامی اسپیشلسٹ ادارے کی طرف سے آپ کے لیے ایک کیس ورکر مقرر کیا جائے گا جو آپ کے پاس آ کر آپ کو مذکورہ بالا معاونت پیش کرے گا۔



## قانونی مشاورت

بمعہ مثبت معقول یا حتمی بنیادوں پر فیصلہ، قانونی مشاورت کے بعض فارمز تک بلا معاوضہ رسائی کے لیے آپ قانونی امداد کے حق دار ہیں۔

اگر ضرورت ہو، تو آپ اپنے امیگریشن آپشنز پر بات کرسکتے ہیں اور قانونی مشاورت کے چند دیگر پہلوؤں تک رسائی پا سکتے ہیں۔ اگر آپ برطانوی اسٹیٹس کے حامل نہیں ہیں، تو آپ کو اپنے امیگریشن کے اسٹیٹس سے متعلق سوچنے کا آغاز کرنا چاہیے۔

آپ کو ایسی معلومات جمع کرنی چاہئیں جو آپ کو اپنی درخواست کی تکمیل میں اور اپنے لیے موزوں ترین آپشن کے حوالے سے قانونی مشاورت کی تلاش میں مدد دے سکیں۔



## اگر آپ کو مثبت ’حتمی بنیادوں‘ (CG) پر مبنی فیصلہ موصول ہو جائے


45 دن (کم از کم) | 5 دن

حتمی فیصلہ ’حتمی بنیادی‘ | پہلا فیصلہ ’معقول بنیادیں‘ | NRM ریفرل کی جمع کاری

اگر آپ مثبت حتمی بنیادوں (CG) پر مبنی **فیصلہ**موصول ہو تو اس سے**اس امر کی تصدیق ہو جائے گی کہ حکومت کے یقین کے مطابق آپ دور حاضر کی غلامی کے شکار ہوئے ہیں۔**
آپ کا معاون کار آپ کے ساتھ مل کر بحالی کی ضروریات کا ایک تجزیہ مکمل کرے گا۔ یہ تجزیہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ جب تک آپ کو معقول سطح کی بحالی حاصل نہ ہو جائے، آپ کو معاونت ملتی رہے اور آپ محفوظ انداز میں دوسرے ادارے کے زیرِ معاونت آ سکیں۔

**اضافی معاونت کے کم از کم 45 دن دستیاب ہوں گے۔**

اگر آپ **منفی** حتمی بنیادوں (CG) پر مبنی **فیصلہ**وصول کرتے ہیں، تو اس کا مطلب ہوگا کہ حکومت کو اس بات کے کافی ثبوت نہیں ملے جن سے آپ کے دور حاضر کی غلامی کے شکار ہونے کی تصدیق ہوتی ہو۔ آپ کے پاس **9 دن ہیں**جن میں آپ معاون ادارے سے اخراج اور حسبِ ضرورت دیگر معاون سروسز کے حصول میں مدد پا سکتے ہیں۔ اپنی قابلِ حصول معاونت کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے پرچے کے دوسری جانب معلومات کو دیکھیں۔



**اگر آپ حتمی بنیادوں کے فیصلے سے غیر متفق ہوں**اور سمجھتے ہوں کہ آپ جن حالات سے گزرے ہیں اُن پر دور حاضر کی غلامی کی تعریف صادق آتی ہے، تو آپ اپنے معاون کار، قانونی نمائندے یا اولین ریسپانڈر سے نظر ثانی کی درخواست جمع کروانے میں مدد کی استدعا کر سکتے ہیں۔ آپ وہ تمام معلومات شامل کرسکتے ہیں جو آپ کے خیال میں آپ کے دعوے پر غور و خوض کے دوران شامل ہونے سے رہ گئی تھیں۔ آپ نظر ثانی کی درخواست کا فیصلہ آنے تک اپنی زیرِ معاونت رہیں گے۔



## اگر آپ NRM کا اندراج نہیں کرتے یا آپ کو منفی استدلال (RG) یا حتمی بنیادوں (CG) پر مبنی موصول ہوتا ہے۔

دور حاضر کی غلامی جرم کی ایک بہت سی مخصوص نوعیت ہے۔ منفی فیصلہ وصول کرنے کا مطلب یہ ہونا ضروری نہیں کہ آپ پر گزرنے والے واقعات پر یقین نہیں کیا جا رہا، بلکہ یہ مطلب ہے کہ آپ پر گزرنے والے واقعات **ممکنہ طور پر دور حاضر کی غلامی کے معیار پر پورا نہیں اترتے** اور **ممکن ہے آپ متبادل معاونت کے حصول کے حق دار ہوں۔**

اگر آپ بدسلوکی کے خطرے کا شکار ہوں یا نگہداشت اور معاونت کی ضروریات کے طالب ہوں، تو آپ **کیئر ایکٹ (2014)** کے تحت اپنی مقامی اتھارٹی سے معاونت پانے کے حق دار ہو سکتے ہیں۔

## امیگریشن کے آپشنز اور قانونی مشاورت

اگر آپ کے پاس برطانیہ میں رہنے کا قانونی حق نہیں ہے تو آپ کو اپنے امیگریشن آپشنز کے بارے میں سوچنے کا آغاز کر دینا چاہیے۔ آپ کو چاہیے کہ **وہ معلومات جمع کریں جو برطانیہ میں آپ کا قیام جاری رکھنے کے لیے درخواست کی تکمیل میں آپ کو مدد دیں**بشرطیکہ آپ ایسا چاہتے ہوں اور اپنے لیے موزوں ترین آپشن کے بارے میں قانونی مشاورت سے رجوع کریں۔

آپ **قانونی مشاورت کے حصول کے لیے مالی معاونت کے حق دار بھی ہو سکتے ہیں اور نہیں بھی**، آپ کو صرف**اہل قانونی مشیروں**سے ہی مشاورت حاصل کرنی چاہیے، وہ آپ کو قانونی امداد، بلا معاوضہ یا مفت قانونی مشاورتی مراکز کی پیشکش کر سکتے ہیں۔ آپ سروس کے لیے ہمیشہ**پیشگی طور پر یہ چیک کریں کہ آیا آپ کے قانونی مشیر کو ادائیگی کی ضرورت ہے یا نہیں۔**

آپ www.gov.uk کی ویب سائٹ پر امیگریشن مشیر کی تلاش کے لیے تلاش کے خانے میں 'امیگریشن مشیر' درج کرسکتے ہیں۔ متبادل طور پر آپ یہاں رابطہ کرسکتے ہیں:

OFFICE OF THE IMMIGRATION SERVICES COMMISSIONER

OISC

ٹیلیفون: 0845 000 0046

ویب سائٹ: www.oisc.gov.uk

ایسے کسی بھی فرد کے لیے آپ کو مشورہ دینا **غیر قانونی**ہے جو نااہل یا غیر رجسٹرڈ شدہ ہو، چنانچہ اس صورت میں خدشہ کہ آپ کو دیا گیا مشورہ درست یا موجودہ صورتحال کے مطابق نہ ہو۔

اگر آپ اپنے آبائی وطن واپس جانا چاہتے ہوں تو **واپسی کے لیے ہوم آفس کی رضاکارانہ سروس**وطن واپسی کے عمل میں آپ کو مدد دے سکتی ہے۔ آپ ان سے یہاں رابطہ کر سکتے ہیں **0300 004 0202**۔ ٹیم آپ کی واپسی کے بارے میں بات کرے گی اور آپ کو درکار معاونت فراہم کرے گی۔ اگر ایسا کرنا محفوظ ہو تو آپ اپنی **ایمبیسی**سے بھی مدد کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔


# صحتِ عامہ

**کوئی بھی فرد NHS مریض کے طور پر GP معالج کے پاس رجسٹر ہو سکتا ہے۔**

کسی بھی نوعیت کی بنیادی نگہداشت کے لیے کوئی معاوضہ نہیں ہے (مثلاً GP) یا ہنگامی طبی علاج کے لیے۔ اگر آپ عمومی رہائشی، پناہ کے متلاشی یا پناہ گزین یا پھر سرکاری طور پر دور حاضر کی غلامی کے مصدقہ ممکنہ شکار ہیں تو آپ فیس کی ادائیگی سے بھی مستثنیٰ ہیں۔

NHS میں کچھ طبی نگہداشت **بلا معاوضہ نہیں ہوں گی**اور آپ سے مخصوص طبی علاج کے آغاز سے پہلے ادائیگی کا کہا جاسکتا ہے - اگر آپ کو اپنے استحقاق کے حوالے سے کوئی بے یقینی ہو تو کسی بھی طبی پروفیشنل سے اپنے سوال کا جواب پوچھ سکتے ہیں۔ اگر NHS آپ کے اسٹیٹس کے بارے میں غیر یقینی ہو تو وہ ہوم آفس سے آپ کے امیگریشن اسٹیٹس کی جانچ کر سکتا ہے ایسا کیے جانے کی صورت میں اس کی جانب سے آپ کو مطلع کیا جائے گا اور اس عمل کے بارے میں آپ کو معلومات فراہم کی جا سکتی ہیں۔





# رہائش کا حصول

اگر آپ برطانیہ میں ایک عمومی رہائشی ہیں یا یہاں رہنے کے لیے مخصوص نوعیت کی رخصتیں رکھتے ہیں، **تو آپ کو برطانیہ میں رہائش کا استحقاق حاصل ہو سکتا ہے**اور اس میں بے گھرw ہونےکی سروسز بھی شامل ہیں۔

**اگر آپ برطانیہ میں اسٹیٹس کے حامل نہیں ہیں، تو ممکن ہے آپ کو رہائش کا استحقاق حاصل نہ ہو اور رہائش کے حصول میں آپ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔** مشاورت کے لیے آپ کو اپنی مقامی ہاؤسنگ ٹیم سے رابطہ کرنا چاہیے۔

آپ **شہریوں کے مشاورتی بیورو یا قانونی نمائندے** سے اپنے حقوق اور استحقاقات کے حوالے سے مشاورت حاصل کر سکتے ہیں۔

## فلاحی فوائد تک رسائی

اگر آپ رہائشی اسٹیٹس کے حامل ہیں، رہنے کے لیے رخصت کا فارم رکھتے ہیں جیسے کہ پناہ گزین کا اسٹیٹس یا انسانی تحفظ، یا برطانیہ میں رہنے کا حق رکھتے ہیں **تو آپ سرکاری فلاحی معاونت کے لیے درخواست دینے کے اہل ہو سکتے ہیں، یونیورسل کریڈٹ۔**

آپ فلاحی معاونت کی درخواست دینے کے حوالے سے اپنی اہلیت پر بات کرنے کے لیے سٹیزن ایڈوائس بیورو، سرکاری ویب سائٹ یا قانونی مشیران سے مشورہ حاصل کر سکتے ہیں۔

## پناہ کے حصول والوں کی معاونت

اگر آپ پناہ کا حصول یا پناہ کا دعویٰ جمع کروانے کی خواہش رکھتے ہیں، تو آپ **نیشنل اسائلم سیکر سپورٹ (NASS)**کے حق دار ہو سکتے ہیں، رابطے کی معلومات کے لیے معلوماتی پرچہ دیکھیں۔

یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ پناہ کے مطالبے کا دعویٰ جمع کروانے سے پہلے قانونی مشاورت حاصل کر لیں۔





## معاونت

اس دستاویز کے ساتھ معاون سروسز اور دیگر سروسز کی فہرست منسلک ہے جو آپ کے رہائشی علاقے میں معاونت کے لیے آپ کی نشاندہی کر سکیں گے۔ ان میں فوڈ بینکس اور داراالامان شامل ہیں۔

# آپ کے نوٹس

Wates
supported by Wates Group

WEST YORKSHIRE
POLICE

مغربی
یارکشائر
انسدادِ غلامی
نیٹ ورک